URDU

وہائٹ ہاؤس

آفس آف پریس سیکرٹری

فوری اجراکے لیے

11 اگست، 2010

رمضان المبارک کے موقع پر صدر کا پیغام

امریکی لوگوں کی طرف سے، مشیل اور میں، امریکہ اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔آپ سب کو رمضان مبارک ہو۔

رمضان المبارک سال کا وہ مہینہ ہے جب دنیا بھر کے مسلمان ایمان کی حکمت اور راہنمائی، اور ان ذمہ داریوں کی یاد مناتے ہیں جو خدائے بزرگ و برتر نے انسانوں پر اپنے لیے اور ایک دوسرے کے لیے عائد کی ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب گھرانے اکٹھے ہوتے ہیں، دوست احباب افطار کا اہتمام کرتے ہیں اور مل کر کھانے کھائے جاتے ہیں۔ لیکن رمضان بھرپور عبادت اور ریاضت کا مہینہ بھی ہے۔۔۔ وہ وقت جب مسلمان دن کے وقت روزے رکھتے ہیں اور رات کو عبادت کرتے ہیں؛ جب مسلمان ہر جگہ کے لوگوں کے لیے ترقی کے مواقع اور خوشحالی کے فروغ کی غرض سے دوسروں کی مدد کرتے ہیں۔ ہم سب کو یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ ہم جو دنیا تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔۔اور ہم جو تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔۔ان کی ابتدا ہمارے دلوں میں اور ہماری اپنی کمیونٹیوں سے ہونی چاہیئے۔

یہ دینی شعائر ہمیں اپنے مشترکہ اصولوں کے ساتھ ساتھ انصاف، ترقی، تحمل و رواداری اور تمام انسانوں کی توقیر کے فروغ میں اسلام کے کردار کی یاد دلاتے ہیں۔ رمضان ایک ایسے عقیدے کا جشن منانے کا مہینہ ہے جو بے پناہ تنوع اور نسلی مساوات کے لیے جانا جاتا ہے۔ اور یہاں امریکہ میں رمضان سے اس حقیقت کی یاد دہانی ہوتی ہے کہ اسلام ہمیشہ سے امریکہ کا حصہ رہا ہے اور امریکی مسلمانوں نے ہمارے ملک کے لیے غیر معمولی خدمات انجام دی ہیں۔ اور آج، میں دنیا بھر کے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے ساتھ اور آپ کے گھرانوں اور دوستوں کے ساتھ مل کر رمضان کے آغاز کا خیر مقدم کرتا ہوں اور آپ کے لیے ایک بابرکت مہینے کا خواہش مند ہوں۔

میں اس ہفتے کے آخر میں یہاں وہائٹ ہاؤس میں ایک افطار ڈنر کی میزبانی کرکے رمضان کی خوشی منانے کا منتظر ہوں اور آپ کو اس بابرکت مہینے کی مبارک باد دیتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔